© rasailojaraid.com



کو اس کلمہ کے الفاظ سے چڑ نہ تھی بلکہ یہ کلمہ جن غلط بنیادوں کو مسمار اور جن صحیح بنیادوں کی تعمیر کی دعوت دیتا ہے وہ اُن کے لیے کسی طرح قابلِ قبول نہ تھیں۔ پُورا دین صرف اسی ایک کلمہ کی تشریح و تفسیر ہے۔ مولانا سید فردوس علی شاہ صاحب نے نہایت اچھے پیرایہ میں کلمہ طیبہ کی وضاحت فرمائی ہے۔ اُن کے ایک ایک لفظ سے اُن کا خلوص اور نور ٹپکتا ہے۔ اُن کا اندازِ بیان بڑا حکیمانہ، دل نشین اور مؤثر ہے۔ کتاب کے آغاز میں شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل صاحب نے ایک قیمتی مقدمہ لکھ کر کتاب کی احادیث میں اضافہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ شاہ صاحب کی زبان، عمر اور قلم میں برکت دے۔

ماہنامہ سیارہ | ادارت: جناب ابوالسلام نعیم صدیقی صاحب۔ مقامِ اشاعت: ۶۔ بی ڈیلدار پارک، اچھرہ لاہور۔ سالانہ چندہ دس روپے۔ صفحات ۱۱۴۔

جناب ابوالسلام نعیم صدیقی صاحب پاک و ہند کے ایک مشہور اہلِ فکر، ایک صاحب طرز ادیب اور بلند پایہ شاعر ہیں۔ اسلامی ذہن رکھنے والا شاید ہی کوئی آدمی ایسا ہو جسے اُن کے دینی و علمی مقالات کے فاضلانہ لب و لہجے، اُن کے سیاسی مضامین کے مجاہدانہ وقار اور اُن کے حکیمانہ اسلوبِ نگارش نے متاثر نہ کیا ہو۔ نعیم صاحب نے گزشتہ ۲۵ سالوں میں نثر کے میدان میں بھی گوہر لٹائے اور نظم کے سبزہ زاروں میں حسنِ تخیّل، لطافتِ بیان اور جذبات و اثر کے پھول کھلائے۔ اس برِ صغیر میں اسلامی ادب کی جو تحریک چلی ہے اس میں اُن کا حصہ بہت نمایاں ہے۔

مقامِ شکر ہے کہ انہوں نے اپنی خداداد صلاحیتیں مجتمع کر کے انہیں ایک نہایت ہی اچھی راہ پر لگا دیا ہے۔ سیارہ کے ابھی صرف دو پرچے ہمارے سامنے ہیں۔ ان کے دیکھنے سے مستقبل کے متعلق نہایت اچھی امیدیں وابستہ کی جا سکتی ہیں۔ پاکیزہ احساسات اور شریفانہ جذبات کو ہلکے پھلکے انداز میں پیش کرنے کی یہ کامیاب کوشش ہر طرح کے تعاون کی پوری طرح مستحق ہے۔ مجلّہ کا سرورق بڑا جاذبِ نظر اور طباعت و کتابت نہایت عمدہ ہے۔

---

© rasailojaraid.com